# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 27 September-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۷/ستمبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ غیر منظم شعبے کے محنت کشوں اور ملازمین کی کم از کم اُجرت میں اضافہ۔آئندہ یکم اکتوبر سے نئی شرحوں کا اطلاق۔

☆ ہتک ِعزت کے مقدمہ میں رکنِ پارلیمان سنجئے راؤت کو 15 دِنوں کی حراست اور 25 ہزار روپئے جرمانہ کی سزا۔

☆ اسٹیٹ سروس کے مین امتحان 2023 کی جنرل میرٹ لسٹ کمیشن کی ویب سائٹ پر شائع۔

☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن حدود میں گنٹھے واری مستقل کرنے کی معیاد میں 31 دسمبر تک توسیع۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین کانپور میں آج سے دوسرے اور آخری کرکٹ ٹیسٹ میچ آغاز۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

مرکزی حکومت نے غیر منظم شعبے کے ملازمین کی کم از کم اُجرت میں اضافہ کیا ہے۔جس کے تحت اے زمرے کے غیر ہنر مند محنت کشوں کو اب 783 روپئے یومیہ اُجرت ملے گی‘ جبکہ جزوی ہنر مند محنت کشوں کو 868 روپئے کم از کم اُجرت دی جائے گی۔ہنر مند ملازمین‘ کلرک اور محافظ کی خدمات انجام دینے والے ملازمین کو یومیہ 954 روپئے اور ہنر مند افراد و مسلح محافظ کی خدمات انجام دینے والے ملازمین کو ایک ہزار 35 روپئے یومیہ کم از کم اُجرت دی جائے گی۔اس فیصلے کا اطلاق آئندہ یکم اکتوبر سے ہوگا۔

***** ***** *****

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ پرم رُودر کمپیوٹر کی تخلیق کمپیوٹر کے میدان میں خود انحصاری کی طرف بھارت کا ایک اہم قدم ہے۔وہ ویڈیو کانفرنسنگ نظام کے ذریعے تین پرم رُودر کمپیوٹر کا افتتاح کرنے کے بعد خطاب کر رہے تھے۔وزیر اعظم نے یقین ظاہر کیا کہ اس اقدام سے سائنس اور اختراع کے شعبے کو فروغ ملے گا۔سائنسی تحقیق میں سہولت کیلئے یہ پرم رُودر کمپیوٹر دہلی، کولکاتہ اور پونے میں قائم کیے گئے ہیں۔

دریں اثنا،وزیر اعظم مودی پرسوں اتوار کو ”من کی بات پروگرام“ کے ذریعے اہل وطن سے مخاطب ہوں گے۔یہ پروگرام کے تیسرے ایڈیشن کا چوتھا حصہ ہوگا۔

***** ***** *****

شیوسینا ادھو باڑ اصاحب ٹھاکرے پارٹی کے رکن پارلیمان سنجئے راؤت کو شیوڑی مجسٹریٹ عدالت نے 15 دن کی حراست اور 25 ہزار روپئے جرمانے کی سزا سنائی ہے۔میرا بھائندر شہر میں بیت الخلا کے کانٹریکٹ سے متعلق عائد کردہ الزامات پر راؤت کے خلاف میدھا سومیا نے ہتک ِعزت کا دعویٰ دائر کیا تھا۔دریں اثنا، راؤت کو 15 ہزار روپئے ذاتی مچلکے پر ضمانت دے دی گئی ہے،اور وہ اس فیصلے کو اندرونِ تیس دن چیلنج کر سکتے ہیں۔

***** ***** *****

آئندہ اسمبلی انتخابات کی تیاریوں کا جائزہ لینے کیلئے مرکزی انتخابی کمیشن کے چیف الیکشن کمشنر راجیو کمار، الیکشن کمشنر گیانیش کمار اور ڈاکٹر سکھبیر سنگھ سَندھو پر مشتمل وفد کل ممبئی پہنچ گیا۔ دو روزہ دورے کے دوران یہ دستہ سیاسی پارٹیوں کے نمائندوں اور انتظامیہ کے افسران کے ہمراہ گفت وشنید کرے گا۔

***** ***** *****

مہاراشٹر پبلک سروس کمیشن نے اسٹیٹ سروس کے مین امتحان 2023 کی جنرل میرٹ لسٹ اپنی ویب سائٹ پر شائع کردی ہے۔ میڈیکل رپورٹ کو مدنظر رکھتے ہوئے امیدواروں کو آسامیوں کی ترجیحی ترتیب آن لائن جمع کرانے کی سہولت جلد ہی فراہم کرنے کی اطلاع کمیشن نے دی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن حدود میں گنٹھے واری کو ریگولرائز کرنے کیلئے 50 فیصد بیٹرمنٹ چارجیس یعنی ترقیاتی سائز کی معیاد میں 31 دسمبر 2024 تک توسیع کی گئی ہے۔ یہ رعایت آئندہ 30 تاریخ کو ختم ہونے والی تھی۔ تاہم میونسپل کمشنر اور ایڈمنسٹریٹر جی شری کانت کے حکم پر 200 مربع میٹر تک کے رہائشی اراضیات کیلئے اس رعایت میں 31 دسمبر تک توسیع کردی گئی ہے۔ ایڈیشنل میونسپل کمشنر رنجیت پاٹل نے متعلقہ شہریان سے اس رعایت کا فائدہ اٹھا کر اپنی تعمیرات کو ریگولرائز کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

’’صفائی ہی خدمت‘‘ مہم کے تحت دھاراشیو تعلقے کے سانجا کے اسکولی طلباء نے اسکول کے احاطے میں صفائی مہم چلائی۔ دھاراشیو پنچایت سمیتی کے توسیعی افسر شنکر بھانگے نے اس پہل کی وجہ سے گاؤں کی صفائی سے خوشحالی کے سفر پر گامزن ہونے کے یقین کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

’’صفائی ہی خدمت‘‘ مہم کے تحت چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کی جانب سے کل شہریوں کو ہرسول کچرا پروسیس مرکز میں کچرے کو ٹھکانے لگانے سے متعلق معلومات سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر موجود شہریوں کو اپنے اطراف کے ماحول کو صاف رکھنے کا حلف دلایا گیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

لاتور میں ’’صفائی ہی خدمت‘‘ مہم کے تحت کل نہرو یوتھ سینٹر اور دیانند آرٹس کالج کے اشتراک سے صفائی سے متعلق بیداری ریلی نکالی گئی۔ 2 اکتوبر تک جاری رہنے والی اس مہم میں نکڑ ڈرامے، صفائی ریلیاں، دیواروں پر بیداری پر مبنی نعرے تحریر کرنے جیسی سرگرمیاں عمل میں لائی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین کھیلی جارہی دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ کرکٹ میچ آج سے کانپور میں شروع ہوگا۔ اب سے کچھ دیر بعد ساڑھے نو بجے اس مقابلے کا آغاز ہوگا۔ بھارت نے پہلے ٹیسٹ میچ کو جیت کر سیریز میں ایک صفر کی برتری حاصل کررکھی ہے۔

***** ***** *****

ریاست کے بیشتر مقامات پر کل بھی بارش ہوئی۔ کئی مقامات پر محکمۂ موسمیات نے طوفانی بارش کا امکان ظاہر کیا ہے۔ جبکہ پال گھر اور ناسک اضلاع میں آج ریڈ الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ ان دونوں اضلاع میں بجلی کی گرج اور چمک کے ساتھ موسلا دھار بارش کی پیشن گوئی بھی کی گئی ہے۔ کئی آبی ذخائر سے بڑی مقدار میں پانی چھوڑا جارہا ہے اور انتظامیہ نے شہریوں سے خبردار رہنے کی اپیل کی ہے۔

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے جائیکواڑی آبی پشتے سے پانی کے اخراج میں کمی کردی گئی ہے۔ ڈیم کے 18 دروازے اب ڈیڑھ فٹ کھلے ہوئے ہیں اور اس سے تقریباً 28 ہزار 296 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے گوداوری ندی[1] میں پانی چھوڑا جارہا ہے۔

لاتور ضلع میں مانجرا آبی پشتے کے چھ دروازوں سے تین ہزار 494 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی خارج کیا جارہا ہے' جبکہ رینا پور آبی منصوبے کے چار دروازے کھول کر ایک ہزار 258 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی خارج کیا جارہا ہے۔ لاتور۔ دھاراشیو کے ماکنی آبی پشتے کے آٹھ دروازے کل بند کردیے گئے اور فی الحال چھ دروازوں سے دو ہزار دو سو نوّے مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی چھوڑا جارہا ہے۔

***** ***** *****

آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر پریورتن مہاشکتی اس ریاستی سطح کے تیسرے سیاسی محاذ کا پہلا اجلاس کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں منعقد ہوا۔ سوراج پارٹی کے بانی وسابق رکنِ پارلیمان سمبھا جی راجے چھترپتی' سوابھیمانی شیتکری پارٹی کے راجو شیٹی' پرہار جن شکتی پارٹی کے بچو کڑو نے اس موقعے پر کارکنان سے خطاب کیا۔

***** ***** *****

تلجا پور کے مذہبی مقام کیلئے ایک ہزار 999 کروڑ روپئوں کے ترقیاتی منصوبے کو حتمی شکل دی گئی ہے۔ رُکنِ اسمبلی رانا جگجیت سنگھ پاٹل نے کل تلجا پور میں ایک اطلاعی کانفرنس میں یہ جانکاری دی۔ اس تجویز کو آئندہ دس دِنوں میں منظوری ملنے کا یقین پاٹل نے ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

عالمی یومِ سیاحت کے موقعے پر آج اور کل چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے غار ہائے ایلورہ میں دو روزہ ملٹی میڈیا نمائش کا انعقاد کیا گیا ہے۔ ملک بھر کے سیاحتی مقامات کی تشہیر اور سیاحتی مقامات پر بنیادی ترقی کیلئے روبہ عمل لائی جارہی اسکیمات کی معلومات اس نمائش میں دی جائے گی۔ یہ نمائش صبح آٹھ تا شام چھ بجے تک سب کیلئے مفت کھلی رہے گی۔

***** ***** *****

آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر مختلف اضلاع کے انتظامیہ کی جانب سے تربیتی اجلاس کا سلسلہ جاری ہے۔ کل بیڑ اور پربھنی میں اس مناسبت سے تربیتی کیمپ منعقد ہوئے۔ متعلقہ اضلاع کے انتخابی فیصلہ افسران نے اس کیمپ میں ملازمین کی رہنمائی کی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے اَردھاپور کے صنعتی تربیتی ادارے میں آج وزیرِ اعلیٰ تربیتِ نوجواں میلے کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اس میلے کے ذریعے سرکاری و نیم سرکاری اور نجی اداروں میں سو آسامیوں کو پُر کیا جائے گا۔ اہل امیدواروں سے اس میلے سے استفادہ کرنے کی اپیل اردھاپور صنعتی تربیتی ادارہ کے پرنسپل وِشومبھر کندلواڑ نے کی ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے آٹھوں اضلاع میں سابق فوجیوں' شہید فوجیوں کی بیواؤں اور والدین سمیت معمر فوجیوں کیلئے آج چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایک میلے کا انعقاد کیا گیا ہے۔ اس میلے میں سبکدوشی وظیفے اور اِسپرش اسکیم سے متعلق تمام مسائل کو دور کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

1

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ غیر منظم شعبے کے محنت کشوں اور ملازمین کی کم از کم اُجرت میں اضافہ ۔آئندہ یکم اکتوبر سے نئی شرحوں کا اطلاق ۔

☆ ہتکِ عزت کے مقدمہ میں رکنِ پارلیمان سنجئے راؤت کو 15 دِنوں کی حراست اور 25 ہزار روپئے جرمانہ کی سزا۔

☆ اسٹیٹ سروس کے مین امتحان 2023 کی جنرل میرٹ لسٹ کمیشن کی ویب سائٹ پر شائع ۔

☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میونسپل کارپوریشن حدود میں گنٹھے واری مستقل کرنے کی معیاد میں 31 دسمبر تک توسیع ۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور بنگلہ دیش کے مابین کانپور میں آج سے دوسرے اور آخری کرکٹ ٹیسٹ میچ آغاز ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔

***** ***** *****